باسمہٖ تعالیٰ

الجامعۃ الاسلامیۃ دارالعلوم دیوبند الہند

Darul Uloom Deoband
PIN 247554, U.P. INDIA

مرکزی دفتر: رابطہ مدارس اسلامیہ عربیہ
Head Office: Rabta Madaris-e-Islamia Arabia

Ref.: ..... Date: .....

ارباب مدارس نظام تعلیم وتربیت کو بہتر بنائیں اور پوری ہوش مندی وحکمت کے ساتھ حالات کا مقابلہ کریں

ذمہ دارانِ مدارس اتحاد و یک جہتی کے ساتھ رہیں، برادرانِ وطن سے خوش گوار اور برادرانہ تعلقات رکھیں

۲۶/اکتوبر، دیوبند۔ (پریس ریلیز)

''دستور کے مطابق کل ہند رابطہ مدارس اسلامیہ دارالعلوم دیوبند کی مرکزی مجلس عاملہ کا یہ سالانہ اجلاس ہے، رابطہ مدارس کا مقصد رابطہ مدارس اسلامیہ کو فعال بنانا اور تعلیم وتربیت اور مشترکہ امتحان کا جائزہ لے کر نظام کو مستحکم کرنا اور مدارس کو درپیش مسائل باہمی مشورے سے حل کرنا ہے''۔

دارالعلوم دیوبند کے مہتمم وشیخ الحدیث حضرت مولانا مفتی ابوالقاسم نعمانی صاحب زید مجدہم، صدر کل ہند رابطہ مدارس اسلامیہ عربیہ دارالعلوم دیوبند نے صدارتی خطاب میں ارکان مجلس عاملہ رابطہ مدارس کا خیر مقدم کیا اور فرمایا کہ آج کا یہ اجلاس نہایت اہم مسائل پر غور وخوض اور فیصلے کے لیے منعقد ہوا ہے، ہم خدامِ مدارس کو اپنے مدارس کے تحفظ کو یقینی بنانا ہے، عمارتوں کے ملکیتی کاغذات درست رکھیں، حسابات سرکاری ضابطے کے مطابق چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ سے چیک کرائیں، صفائی، ستھرائی کا بھرپور خیال رکھیں، ایسی ٹھوس تعلیم اور تربیت بچوں کو دیں کہ ان کی زندگی سنور جائے، مدارس کے ذمہ داران آپس میں اتحاد و یک جہتی کے ساتھ رہیں اور برادرانِ وطن سے خوش گوار برادرانہ تعلقات رکھیں اور خدمتِ خلق کا اہم فریضہ انجام دیں، حالات خواہ کیسے بھی ہوں پوری ہوش مندی اور حکمت کے ساتھ اس کا مقابلہ کریں۔

دارالعلوم دیوبند کے صدر المدرسین حضرت مولانا سید ارشد صاحب مدنی صدر جمعیۃ علماء ہند نے فرمایا کہ: ''آزادی کے بعد سے امت مسلمہ مسلسل مختلف مسائل اور حالات سے دوچار ہے، پہلے حکومت کے سربراہ مسلمانوں کی ملک کے تئیں خدمات سے واقف تھے؛ اس لیے وہ مسلمانوں کے خلاف نہیں تھے، لیکن اب اس ملک کی فرقہ پرست دشمن طاقتیں اسلام اور مسلمانوں کے خلاف سرگرم ہوگئی ہیں، یہ دَور اسلام اور مسلمانوں اور مدارسِ اسلامیہ کے حوالے سے نہایت خطرناک دور ہے، ہمارے اکابر حالات کا مقابلہ کرنے کی مسلسل جدوجہد فرماتے رہے، ہمارے اکابر نے ۱۸۶۶ء میں دارالعلوم دیوبند قائم کیا، جس کا جہاں یہ مقصد تھا کہ ملک کی آزادی کے لیے افراد اور رجال کار تیار کریں، وہیں ایک مقصد یہ بھی تھا کہ ایسے باصلاحیت رجالِ کار تیار ہوں جو ملک میں اتحاد و یک جہتی قائم کریں اور ملک کی تعمیر وترقی میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں''۔

دیگر مختصر اظہارِ خیال کرنے والوں میں حضرت مولانا رحمت اللہ صاحب میرقاسمی، حضرت مولانا حسن محمود صاحب کھیروی، حضرت مولانا نعمت اللہ صاحب اعظمی، جناب مولانا صدیق اللہ چودھری صاحب اور جناب قاری شوکت علی صاحب ویٹ، جناب مولانا اشہد رشیدی صاحب مرادآباد، جناب مولانا علی حسن صاحب شمالی ہریانہ، جناب مولانا محمد زبیر صاحب قاسمی جنوبی ہریانہ، جناب مولانا شوکت علی قاسمی المدنی نیپال، وغیرہ کے اسمائے گرامی شامل ہیں۔

مولانا شوکت علی قاسمی بستوی ناظم عمومی رابطہ مدارس واستاذ حدیث دارالعلوم نے رابطہ مدارس کی گذشتہ مجلس عاملہ کی کارروائی پڑھی اور مرکزی رابطہ مدارس کی سالانہ رپورٹ پیش کی جس میں مختلف صوبوں کی کارکردگی کا جائزہ بھی پیش کیا گیا تھا۔ بعد ازاں مجلس عاملہ کے ایجنڈے پر غور وخوض کا سلسلہ شروع ہوا۔

باسمہ تعالیٰ

الجامعۃ الاسلامیہ دارالعلوم دیوبند الہند

Darul Uloom Deoband
PIN 247554, U.P. INDIA

مرکزی دفتر: رابطہ مدارس اسلامیہ عربیہ
Head Office: Rabta Madaris-e-Islamia Arabia

Ref.: ..... Date: .....

اجلاس میں حضرت مولانا ملک محمد ابراہیم صاحب میل وشارم، حضرت مولانا سید محمود اسعد مدنی صاحب، حضرت مولانا محمد عاقل صاحب گڈھی دولت، حضرت مولانا مفتی محمد خلیل صاحب قاسمی پنجاب ارکان شوریٰ دارالعلوم، حضرت مولانا عبدالخالق صاحب مدراسی نائب مہتمم دارالعلوم دیوبند، حضرت مولانا مفتی محمد امین صاحب پالنپوری، حضرت مولانا مجیب اللہ صاحب گونڈوی، حضرت مولانا مفتی محمد راشد صاحب اعظمی نائب مہتمم دارالعلوم دیوبند، حضرت مولانا محمد نسیم صاحب بارہ بنکوی، حضرت مولانا محمد سلمان صاحب بجنوری اساتذۂ دارالعلوم دیوبند، حضرت مولانا حسین احمد صاحب ہریداواری ناظم مجلس تعلیمی دارالعلوم دیوبند، جناب مولانا مفتی اشفاق احمد صاحب سرائے میر، جناب مولانا محمد اسجد صاحب قاسمی مرادآباد، جناب مفتی عبدالرحیم صاحب آندھراپردیش، جناب مولانا عبدالقوی صاحب حیدرآباد، جناب مولانا مفتی ریاست علی صاحب اتراکھنڈ، جناب مولانا عبدالقادر صاحب آسام، جناب مولانا مفتی محمد فاروق صاحب اڈیشہ، جناب مولانا منظور عالم صاحب ہگلی، جناب مولانا ممتاز احمد صاحب شملہ، جناب مولانا محمد احمد خاں صاحب مدھیہ پردیش، جناب مفتی سراج احمد صاحب منی پور، جناب مولانا محمد ابراہیم صاحب کیرالا، جناب مولانا مفتی صلاح الدین صاحب ٹمل ناڈو، جناب مولانا مرغوب الرحمٰن صاحب پٹنہ، جناب مولانا محمد اسحاق صاحب جھارکھنڈ، جناب مولانا سعید احمد حبیب صاحب پونچھ، جناب مولانا مفتی اقبال احمد صاحب کان پور، جناب حافظ عبدالقدوس ہادی صاحب کان پور، جناب مولانا عبدالقدیم صاحب ہاپوڑ، جناب مولانا شمس الدین بجلی صاحب قاسمی بنگلور، جناب مولانا شوکت علی صاحب جھن جھنوں، جناب مفتی محمد امتیاز ولنوی صاحب گجرات، جناب مولانا مجاہدالاسلام صاحب قاسمی آسام، جناب مفتی ذکاوت حسین صاحب قاسمی دہلی، جناب مفتی طیب الرحمٰن صاحب تری پورہ، جناب مولانا محمد ارشد صاحب پوکرن، جناب مولانا عبدالکریم صاحب آندھراپردیش، جناب مولانا محمد نجم الحق صاحب مرشدآباد بنگال، جناب قاری محمد یوسف بسم اللہ صاحب گجرات اور جناب مولانا عنایت اللہ صاحب جموں وغیرہ حضرات شریک رہے۔

دیگر شرکاء میں جناب مولانا ضیاء اللہ صاحب بھوپال، جناب مولانا عبداللہ خالد صاحب قاسمی سہارنپور، جناب مفتی خالد انور صاحب پورنوی اور جناب مولانا محمد ہارون صاحب مدنی نیپال وغیرہ کے اسماء شامل ہیں۔

اجلاس کا آغاز حضرت مولانا مفتی ابوالقاسم صاحب نعمانی زید مجدہم کی زیر صدارت مہمان خانہ دارالعلوم میں صبح ساڑھے نو بجے جناب قاری آفتاب احمد صاحب استاذ تجوید وقراءت دارالعلوم دیوبند کی تلاوت قرآن کریم سے ہوا۔ نظامت کے فرائض ناظم عمومی رابطہ مدارس مولانا شوکت علی قاسمی بستوی نے انجام دئے، ساڑھے بارہ بجے دوپہر کو حضرت صدر اجلاس دامت برکاتہم کی دعا پر مجلس عاملہ کی نشست اول کا اختتام عمل میں آیا۔

==========

جاری کردہ: مرکزی دفتر رابطہ مدارس اسلامیہ عربیہ دارالعلوم دیوبند

برائے اشاعت اخبار: یہ خبر اخبارات میں شائع کردی جائے۔

مہتمم دارالعلوم دیوبند
۱۴۴۸/۵/۱۴ھ

+91-1336-222429 / FAX: +91-1336-222768 darululoomdeoband.com info@darululoomdeoband.com